## ٹینڈر نوٹس برائے مالی سال2026-27
## سپرنٹنڈنٹ سب جیل میران شاہ، ضلع شمالی وزیرستان

سپرنٹنڈنٹ سب جیل میران شاہ، ضلع شمالی وزیرستان کو مالی سال 2026-27 کے لیے کچی و پکی خوراک، ادویات اور دیگر متفرق اشیاء درکار ہیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً) -/50,00,000 پچاس لاکھ (روپے ہے۔ مذکورہ اشیاء قیدیان و حوالاتیان سب جیل میران شاہ کے لیے فراہمی کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔

**اہم تاریخیں**

•ای بڈ جمع کروانے کی آخری تاریخ 29-07-2026: صبح 09:30 بجے تک

•ای بڈ کھولنے کا وقت 29-07-2026: صبح 10:00 بجے

**شرائط و ضوابط**

.1مذکورہ تخمینی مالیت اندازاً ہے، جس میں مجاز اتھارٹی کو مروجہ قواعد و ضوابط کے مطابق کمی بیشی کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

.2تمام خواہشمند بڈرز کا KPPRA EPADSپر رجسٹرڈ ہونا لازمی ہوگا۔ ٹینڈر دستاویزات، بڈ شیڈول اور دیگر مطلوبہ دستاویزات EPADS سے حاصل کرکے مکمل کرنے کے بعد EPADS پر اپ لوڈ کرنا ہوں گے۔

.3تمام بڈز صرف EPADSکے ذریعے آن لائن جمع کی جائیں گی۔ مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والی بڈز قابل قبول نہیں ہوں گی۔

.4ہر بڈر کے لیے بڈ کی تخمینی مالیت کا 2%بطور Bid Security (Call Deposit Receipt) کسی شیڈول بینک سے سپرنٹنڈنٹ سب جیل میران شاہ کے نام جاری شدہ CDR کی صورت میں جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اصل CDR بڈ کھولنے سے قبل دفتر ہذا میں جمع کروانا ضروری ہوگا، بصورت دیگر بڈ Non-Responsiveتصور کی جائے گی۔

.5تمام جمع شدہ CDRs متعلقہ بینک سے تصدیق کے بعد ہی واپس کیے جائیں گے۔ اگر کوئی CDR جعلی ثابت ہوا تو متعلقہ فرم/ٹھیکیدار کے خلاف مروجہ قوانین کے مطابق قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

.6صرف وہی فرمیں/ٹھیکیداران اہل ہوں گے جو KPPRA، FBR (NTN/STN)کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں، بلیک لسٹ نہ ہوں اور KP Food Safety & Halal Food Authorityکا کارآمد سرٹیفکیٹ پیش کریں۔

.7حکومت پاکستان اور حکومت خیبر پختونخوا کی جانب سے نافذ تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سٹامپ ڈیوٹی اور دیگر قابل اطلاق ٹیکسز مروجہ قوانین کے مطابق متعلقہ فرم/ٹھیکیدار ادا کرے گا۔

.8بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء فراہم کرنے کی صورت میں مطلوبہ اشیاء مارکیٹ ریٹ پر خریدی جائیں گی اور مارکیٹ ریٹ اور منظور شدہ ریٹ کے درمیان فرق کی رقم متعلقہ فرم/ٹھیکیدار کے بل یا سیکیورٹی سے وصول کی جائے گی۔

.9سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی فراہمی یا ٹینڈر کی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ فرم/ٹھیکیدار کے خلاف مروجہ قوانین کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں بلیک لسٹنگ بھی شامل ہو سکتی ہے۔

.10ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں کامیاب بڈر کو ٹھیکہ مالیت کے 8%کے مساوی Performance Guaranteeبصورت بینک گارنٹی جمع کروانا ہوگی اور باقاعدہ معاہدہ (Agreement) کیا جائے گا۔

.11تمام اشیاء سب جیل میران شاہ کے مین گیٹ/اسٹور تک بغیر کسی اضافی اخراجات کے پہنچانا متعلقہ فرم/ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

.12بڈ اوپننگ کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ مروجہ KPPRA Rules کے مطابق کسی بھی بڈ کو جزوی یا مکمل طور پر قبول یا مسترد کر سکے۔

.13ٹینڈر کی حتمی منظوری ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پریزنز، سدرن ریجن، ڈیرہ اسماعیل خان کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

.14اگر بڈ کھولنے کے دن سرکاری تعطیل ہو تو بڈز اگلے ورکنگ ڈے اسی وقت اور اسی مقام پر کھولی جائیں گی۔

SUPERINTENDENT
Sub Jail Miranshah

سپرنٹنڈنٹ

سب جیل میران شاہ

ضلع شمالی وزیرستان

موبائل: 0334-9316101 :

# STATEMENT SHOWING THE RATES OF COOKED FOOD AND OTHER MISCELLANEOUS ARTICLES TO BE SUPPLIED TO THE SUB JAIL MIRAN SHAH AND MIR ALI

**FOR THE YEAR 2026-27**

| S NO. | NAME OF ITEMS | RATE |
|---|---|---|
| 1 | Cooked Food Per Head/ Per Time | |
| 2 | Cooked Pulao Per Head | |
| 3 | Cooked Halwa Per Head | |
| 4 | Cooked Tea For Ramzan Per Head/Per Time | |
| 5 | Cooked Tea With Paratha Per Head/ Per Time | |
| 6 | Sharbat Sugar Rooh Afza / Dates For Ramzan | |
| 7 | Special Diet / Vermicelli Eid ul Azha,independent day Per Head/Per Time | |
| 8 | Rice joshi, Mong whole Per Head/Per Time | |
| 9 | Phenyl 1st Quality Per Gallon | |
| 10 | Bamboo Tillies (1st Quality) Per KG | |
| 11 | LED Bulb 12 WATTS (1ST Quality) (P/NO) | |
| 12 | LED Bulb 24 WATTS (1ST Quality) (P/NO) | |
| 13 | Lime Unslated 1st Quality Per KG | |

**Name/ Signature of the Contractor:**________________________________

Scanned with CamScanner